سوال

(159) سلاطین اسلامی کے وقت رعایا سے عشر لیا جاتا تھا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سلاطین اسلامی کے وقت میں عشر کہ رعایا سے لیا جاتا تھا، اس کو وہ کس مصرف میں صرف کرتے تھے، اور کتب فقہ کی رو سے مصارف عشر کیا کیا ہیں، معہ حوالہ کتاب بذریعہ اخبار مطع کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کی پش کردہ صورت پر کوئی نص دلیل نہیں ہے، نہ میرے پر، ہاں میری صورت میں فقراء کا فائدہ اور ایک مقیس علیہ بھی ہے، آپ کی میں نہیں، تمام کتب فقہ میں عشر کے مصارف وہی ہیں، جو زکوٰۃ کے ہیں، بعض سلاطین اصل مصارف میں خرچ کرتے ہیں، بعض اپنی شراب نوشی کا حصہ بھی اسی سے نکالتے تھے، کیا آپ نے نہیں سنا۔

ھل افسد الناس الا الملوک وعلماء سوء ورھبانھا (۱۳ مارچ: ۱۹۱۰ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 285

محدث فتویٰ